کتاب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۳ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۶ رجب المرجب ۱۳۵۹ھ مطابق ۳۱ اگست ۱۹۴۰ء } جلد ۵۳

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	اظہار خوشنودی مزاج بہ خدمات تحصیلداران حضور تحصیل شاہ آباد و ملک و سالاران رضا کار ونسبت بہرتی رکروٹس	۲و۳
۲	عطائے اجازت قیام بمقام نینی تال بغرض پوری کرنے تعطیل بقیہ مدت بہ عالیرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۳

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری اضافہ گریڈ بہ تنخواہ ہیلتھ افسر صاحب	۴
۲	منظوری توسیع ملازمت مسٹر محمد حسن خاں پروہ پنشنری اسسٹنٹ انجنیر پاور ہاؤس	۴
۳	عطائے الاؤنس کارکردگی سررشتہ صدر منشی صغر علیخاں سپرنٹنڈنٹ آفس اجلاس ہمایوں ...	۴
۴	منظوری اشاعت اعلان ہائے ترمیم بہ قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء	[illegible]
۵	منظوری اشاعت اعلان ہائے ترمیم بہ قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء	۵و۶

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- (مسوری) واقع ۲۳ اگست سنہ ۱۹۴۰ء

رپورٹ ملاحظہ ہوئی۔ ریکروٹس کی بھرتی کے سلسلہ میں تحصیلداران حضور تحصیل شاہ آباد ملک اور سالاران رضاکارڈ کی خدمات و جذبات قابل تحسین ہیں۔ ان کی اس سرگرمی پر مابدولت و اقبال اظہار خوشنودی فرماتے ہیں۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر نے فوج میں بھرتی کے سلسلہ میں تحصیلدار صاحبان حضور تحصیل۔ شاہ آباد و ملک و نیز سالار صاحبان رضاکارڈ کی خدمات کی تفصیلی رپورٹ ارسال کی ہے۔ ممتاز علیخاں صاحب تحصیلدار حضور تحصیل نے روزانہ تیس اور جاینٹس ریکروٹ تک بھرتی کے لئے پیش کئے ہیں۔ جنمیں سے کافی افراد کی تعداد منتخب کر لی گئی ہے۔ علیٰ ہذا باوجود تمام علاقہ میں سیلابی مشکلات کے آل حسن صاحب تحصیلدار شاہ آباد نے بہت زیادہ سرگرمی کا اظہار کیا ہے۔ اور اب تک دو سو اشخاص بھرتی کے لئے پیش کئے ہیں۔ اسیطرح امجد علی صاحب تحصیلدار ملک نے بھی ایکسو اشخاص فراہم کئے ہیں۔ سالار صاحبان بھی اسیطرح بہت زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں۔ اور قریب قریب روزانہ اشخاص کو بھرتی کے لئے پیش کر رہے ہیں۔ ایسے وقت جبکہ رامپور کے لئے یہ بات تقریباً نئی ہے۔ ان صاحبان کا یہ جذبہ قابل آفرین ہے۔ عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و چیف کمانڈنٹ نے بھی بھرتی کی یہ رفتار دیکھ کر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ عرضداشت ہذا برائے ملاحظہ حضور عالی میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

فدوی

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۳ اگست سنہ ۱۹۴۰ء

عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ ۲۳ اگست سنہ ۱۹۴۰ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

ترجمہ

صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل۔

براہ مہربانی اس کو گزٹ میں شائع کرا دیا جائے
اور اسکی کاپیاں بغرض روانگی تحصیلداران متعلقہ و سالاران
عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر کی خدمت
میں بھیجدیجائیں۔ ۲۴ اگست ۱۹۳۰ء

دستخط عالیمرتبت صاحب ریونیو و فائنانس منسٹر بہادر

سررشتہ سے ایک نقل عرضداشت مع حکم
اجلاس ہمایوں و حکم عالیمرتبت صاحب ریونیو و
فائنانس منسٹر بہادر بغرض اندراج گزٹ اسٹیٹ
پریس کو بھیجی جائے۔ بقیہ نقول ٹائپ کرکے جداگانہ
پیش کیجائیں۔ ۲۶ اگست ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

حکم:- مورخہ ۲۷ اگست ۱۹۳۰ء

عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو
زمانۂ رخصت کی بقیہ مدت پوری کرنیکی غرض
سے ازیکم ستمبر ۱۹۳۰ء تا ۱۵ ستمبر ۱۹۳۰ء بمقام
نینی تال قیام کی اجازت دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(بائی آرڈر)

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرز آن کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈرز آن کونسل لیتھو (اسٹیٹ) :- مورخہ ۲۷ راگست سنہ ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۶ راگست سنہ ۱۹۴۲ء میں عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ بحساب دس روپیہ ماہانہ تنخواہ ڈاکٹر ایس این داسلی صاحب ہیلتھ افسر از ۲۰ رجولائی سنہ ۱۹۴۲ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ صیغہ فائنانس نے استحقاق اضافہ کی تصدیق کر دی ہے ۔ اور رقم اضافہ بجٹ اسٹیٹ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی مد مشاہرات میں منظور ہو چکی ہے

طے پایا کہ :-

حسب تجویز ۔ ڈاکٹر ایس ۔ این داسلی صاحب ہیلتھ افسر کی موجودہ تنخواہ میں ۲۰ رجولائی سنہ ۱۹۴۲ء سے دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۔ (دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈرز آن کونسل رامپور اسٹیٹ :- مورخہ ۲۷ راگست سنہ ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۶ راگست سنہ ۱۹۴۲ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز پیش ہو کر واضح ہوا کہ مسٹر محمد حسن خاں کا تقرر بحیثیت پروبیشنری اسسٹنٹ انجینیر باہواری مشاہرہ ایک سو روپیہ از ۱۵ رفروری سنہ ۱۹۴۲ء ہوا تھا ۔ اس مدت میں انہوں نے ہر شعبہ کے کام میں تجربہ حاصل کیا ہے ۔ اب

ہے کہ ۱۵ راگست سنہ ۱۹۴۲ء سے برائے مدت چھ ماہ ان کی ملازمت میں بحیثیت پروبیشنری اسسٹنٹ انجینیر باہواری مشاہرہ ایک سو روپیہ ماہوار کی توسیع فرمائی جائے ۔

طے پایا کہ :-

حسب تجویز مسٹر محمد حسن خاں کی ملازمت میں ۱۵ راگست سنہ ۱۹۴۲ء سے چھ ماہ کی توسیع بمشاہرہ موجودہ منظور ہے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۔ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل ۔

آرڈرز آن کونسل رامپور اسٹیٹ :- مورخہ ۲۷ راگست سنہ ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۶ راگست سنہ ۱۹۴۲ء میں عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری عطائے الاؤنس کارکردگی سررشتہ صدر علاوہ خدمات متعلقہ بجناب حسین احمد صاحب از ۱۰ رمئی سنہ ۱۹۴۲ء تا زمانہ کارکردگی بر منشی اصغر علی خاں سپرنٹنڈنٹ آفس جلاس ہمایوں پیش ہو کر واضح ہوا کہ صیغہ فائنانس نے الاؤنس مصرحہ بالا دلائے جانے سے اتفاق کرتے ہوئے تجویز کیا ہے کہ یہ رقم الاؤنس علاوہ اس رقم کے جو منشی صاحب موصوف کو مل رہی ہے ادا ہوگی اور ادائیگی موجودہ مشاہرات سے ہوگی طے پایا کہ :-

حسب اتفاق فائنانس منشی اصغر علی خاں سپرنٹنڈنٹ آفس جلاس ہمایوں کو ۱۰ رمئی سنہ ۱۹۴۲ء سے تا زمانہ کارکردگی بصلہ انجام دہی خدمات سررشتہ صدر علاوہ خدمات متعلقہ مبلغ پچیس روپیہ ماہانہ الاؤنس کارکردگی دلایا جانا منظور ہے ۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو سررشتہ متعلقہ سررشتہ صدر کو بھی مطلع فرما دیں بھیجا گیا ۔ (دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر) دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ:- (واقع ۱۳؍ اگست ۱۹۴۰ء)

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۳؍ اگست ۱۹۴۰ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت اشاعت اعلان ہائے منسلکہ نسبت ترمیم قاعدہ ۵۹ ضمن (۲) وقاعدہ ۵۹ ضمن (۱) وقاعدہ ۶۲ ضمن (۳) وقاعدہ ۴۰ قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب تجویز چار عدد اعلان ہائے منسلکہ کا منجانب گورنمنٹ رامپور اسٹیٹ گزٹ میں شائع کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل آرڈر ہذا کی مع نقول اعلان ہائے منسلکہ بغرض اشاعت اسٹیٹ گزٹ مطبع سرکاری کو بھیجی جائے۔ ایک نقل دارالانشاء کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء کے قاعدہ (۴۰) ضمن (۲) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۵؍ جون ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء کے قاعدہ (۶۲) ضمن (۱) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۵؍ جون ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء کے قاعدہ (۲۶) ضمن (۲) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۲۲؍ جون ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء کے قاعدہ (۴۰) میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۲۹؍ جون ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ:- واقع ۲۰؍ اگست ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰؍ اگست ۱۹۴۰ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت اشاعت ۳ عدد اعلان ہائے منسلکہ نسبت ترمیم قاعدہ ۱۲ ضمن (۱) وقاعدہ ۷۲ ضمن (۳) قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء پیش ہو کر طے پایا کہ

حسب تجویز ۳ عدد اعلان ہائے منسلکہ کا منجانب گورنمنٹ رامپور اسٹیٹ گزٹ میں شائع کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرڈر ہذا کی ایک نقل مع نقول اعلان ہائے منسلکہ بغرض اشاعت

اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔ ایک نقل دارالانشاء بھیجی جائے۔

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ (۱۳۱) ضمن (۱) قواعد تحفظ ہند سنہ ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور آرڈر سنہ ۱۹۳۹ء نسبت (داشت و رجسٹری) جائداد دشمن کے پیرا ۲۔ میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۴۰ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ (۱۳۱) ضمن (۱) قواعد تحفظ ہند سنہ ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور آرڈر سنہ ۱۹۳۹ء نسبت (داشت و رجسٹری) جائداد دشمن کے پیرا ۱۰ میں ترمیم مطابق ترمیم مجریہ گورنمنٹ ہند مورخہ ۹ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ ضمن (۳) قاعدہ ۹۴ قواعد تحفظ ہند گورنمنٹ رامپور کسی ایسے مال کی براہ خشکی یا ہوائی ریاست رامپور میں لائے جانے کی ممانعت کرتی ہے۔ جو کسی دشمن کی ملک ہو۔ اور جسکی تعریف قواعد مذکور کے قاعدہ (۹۰) میں کی گئی ہے۔ یا کسی دشمن کے ملک جسکی تعریف قواعد مذکور کے قاعدہ (۲) میں کی گئی ہے۔ کی پیداوار یا ساختہ ہو۔ باستثناء ایسے مال کے جو بربناء حکم عام یا خاص گورنمنٹ رامپور کی یا کسی ایسے شخص کی جسکو اس بابت گورنمنٹ رامپور نے مجاز کیا ہو اجازت سے ریاست رامپور میں درآمد کی گئی ہو۔

External Affairs Department.

NOTIFICATION.

Simla, Dated the 24th July 1940.

No. 17-W.-In amplification of the notification of the Government of India in the External Affairs Department, No. 12-W, dated the 18th June 1940. It is notified for general information that the area specified below, being in the occupation of the enemy, is enemy territory for purposes of the Defence of India Rules :

The Kingdom of Belgium, excluding the Belgian Congo and the mandated territory of Ruanda Urundi.

No. 1003/S/1-78 Dated 26th August, 1940.

To be published in the Gazette.

Sd/

for Chief Minister.